کوئٹہ سے شائع ہونے والا آزاد صحافت کا علمبردار

Email: dailymeherdarqu@gmail.com
Ky, LEH PID

DAILY MEHERDAR QUETTA

روزنامہ مہردار کوئٹہ

ایڈیٹر: سید ہاشم آغا

Ph:081 2868355

جلد 13 | منگل 13 اکتوبر 2026ء، 30 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ 151

خیبر پختونخوا اور بلوچستان حالیہ احکومتوں کے کردار کا کوئی موازنہ نہیں کیا جا سکتا

وزیراعلیٰ بلوچستان

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا اقدام صرف امن وامان کی صورتحال کی بنیاد پر نہیں بلکہ مفاہمتی کردار ادا نہ کرنے کے تناظر میں اٹھایا گیا ہے، بلوچستان اسمبلی کے تمام اراکین دہشت گردی کے خلاف ہیں اور سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں

آئین بنانے والے اکابرین نے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے آئین میں متعدد آرٹیکلز شامل کیے تھے، وفاق نے آئین کے تحت اقدام اٹھایا ہے اور کوئی غیر آئینی کام نہیں کیا، ہم اس اقدام کی حمایت کرتے ہیں، خیبر پختونخوا کی صورتحال پر اظہار خیال

خیبر پختونخوا کے اسمبلی اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے حالات اور دونوں صوبائی حکومتوں کے کردار کا کوئی موازنہ نہیں بنتا، آئین کا تحفظ ہر شہری کی ذمہ داری ہے، ہم دونوں صوبوں میں دہشت گردی سے نمٹنے اور انتظامی امور انجام دینے کے حوالے سے مشترکہ مسائل سے دوچار ہیں، ہم نے ہمیشہ مفاہمت کا راستہ اپنایا ہے، ہم نے ہمیشہ مذاکرات کی حمایت کی ہے، ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہتھیار اٹھانے والوں کو ہتھیار ڈالنے چاہئیں